ماہنامہ "الرشید" لاہور کے مدیر مولانا عبدالرشید ارشد صاحب کو اللہ تعالیٰ نے خصوصی نمبرات شائع کرنے کا جو ملکہ عطا فرمایا ہے وہ بہت ہی کم لوگوں کو نصیب ہوگا۔ چنانچہ دارالعلوم دیوبند تاریخ دیوبند اقبال ومدنی اور پھر لغت نمبر ہمارے اس دعویٰ کے شاہد عدل ہیں زیر تبصرہ خصوصی شمارہ حکیم محمد سعید شہیدؒ نمبر بھی اسی ہی سلسلۃ الذھب کی ایک کڑی ہے۔ اسی خصوصی نمبر کے متعلق مدیر الرشید رقمطراز ہیں۔ "اس شمارے میں شہیدؒ کے متعلق منتخب تحریری اور خودان کی تحریریں اور انٹرویو شامل ہیں"۔ چنانچہ مدیر صاحب نے انتہائی خوش اسلوبی سے ان منتشر تحریرات کو یکجا کر کے ایک خوبصورت ادبی شہپارہ گلدستے کی شکل میں قوم کے سامنے پیش کیا ہے۔ حکیم صاحبؒ کی زندگی اور ان کے کارہائے نمایاں کی بابت بہت کچھ لکھا جائیگا۔ اسلئے آپکی شخصیت آفاقی تھی لیکن مولانا عبدالرشید ارشد صاحب اس گوئے توفیق وسعادت میں سب سے سبقت لے گئے۔ ایں سعادت بزور بازو نیست۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مولانا عبدالرشید ارشد صاحب کی ان کاوشوں کو قبولیت سے نوازیں (آمین)۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

<u>الفقہ المیسر (عربی)</u> مؤلف : مولانا شفیق الرحمان الندوی صاحب مدرس دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنو (انڈیا)۔ قیمت := /۵۰ روپے۔ ناشر : زم زم پبلشرز نزد مقدس مسجد اردو بازار کراچی۔

زیر تبصرہ کتاب میں مؤلف نے احکام فقیہ انتہائی سہل اور عام فہم عربی میں جمع کئے ہیں جس سے نہ صرف مسائل فقیہہ آسانی سے یاد ہو جاتے ہیں بلکہ عربی زبان کے سیکھنے کی تمرین اور مشق بھی ہو جاتی ہے۔ مؤلف نے اس کتاب میں فقہ حنفی کی مشہور کتاب **نورالایضاح** کا خلاصہ پیش کیا ہے اور اسی طرح ہر کتاب اور ہر باب کی ابتداء آیت کریمہ اور حدیث سے کی ہے تاکہ مبتدی طالب علم کو ان مسائل کے ماخذ کے بارے میں علم ہو جائے۔ ہمارے خیال میں اگر کتاب وفاق المدارس العربیہ کے نصاب میں شامل کیجائے تو اس کے انشاء اللہ بہترین نتائج برآمد ہونگے۔ کتاب کا مقدمہ مفکر اسلام مولانا سید ابوالحسن علی ندوی مدظلہ کے قلم سے ہے جو کہ ایجاز واختصار کے باوجود انتہائی جامع اور پر مغز ہے۔ اور زمزم پبلشرز نے اس کی خوبصورت اور دیدہ زیب طباعت میں حسب روایت بھرپور محنت کی ہے۔

<u>احکام ومسائل :</u> مؤلف : مولانا مفتی محمد مجاہد شہیدؒ صفحات : ۱۷۴۔ قیمت : درج نہیں
ناشر : مکتبہ العارفی جامعہ اسلامیہ امدادیہ فیصل آباد

علوم دینیہ سے واقفیت تمام اعمال کی بنیاد ہے۔ جب تک علم صحیح حاصل نہ ہو تب تک کوئی عمل بھی درست